# Telephone conversation between PM and President of Brazil

April 04, 2020

-----------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم اور برازیل کے صدر کے مابین ٹیلی فون پر گفتگو

04 اپریل، 2020

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج برازیل کے صدر عزت مآب جائر میسیاس بولسونارو سے ٹیلیفونک گفتگو کی۔ ۔ دونوں رہنماؤں نے کووڈ وبائی مرض کے پھیلاؤ کے تناظر میں عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

وزیر اعظم نے کووڈ 19 کے باعث برازیل میں ہونے والے جانی نقصان پر اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہر ہندوستانی کی دعا برازیل کے دوست لوگوں کے ساتھ ہے۔

دونوں رہنماؤں نے ہندوستان اور برازیل کے درمیان قریبی تعاون کی اہمیت پر زور دیا، جس میں دو طرفہ اور تکثیریت پر مبنی ادارہ جاتی فریم ورک کے تحت تعاون شامل ہے، تاکہ کووڈ 19 کے نتیجے میں پیدا ہونے والے سنگین بحرانوں کو کم کیا جا سکے۔ انہوں نے کووڈ کے بعد کی دنیا کے لئے عالمگیریت کا نیا انسانیت پر مبنی تصور قائم کرنے کی ضرورت پر اتفاق کیا۔

وزیر اعظم نے اس مشکل گھڑی میں برازیل کے صدر کو ہر ممکن مدد کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے اتفاق کیا کہ ان کے عہدیداران کووڈ 19 کی صورتحال اور اس کے نتیجے میں ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لئے مستقل رابطے میں رہیں گے۔

اس سال ہندوستان کے 70 ویں یوم جمہوریہ تقریبات میں بطور مہمان خصوصی برازیل کے صدر کی شرکت کو شکریہ کے ساتھ یاد کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے بھارت برازیل دوستی میں بڑھتی ہوئی گرم جوشی پر خوشی کا اظہار کیا۔ انہوں نے پچھلے سال برکس کی قیادت کے لئے برازیل کا شکریہ بھی ادا کیا۔

**نئی دہلی**

**04 اپریل، 2020**

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.